07.01.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ محمد عمار

Music

1- بھارتیہ ریزرو بینک نے معیشت کو فروغ دینے کی خاطر تقریباً پانچ سال میں پہلی بار شرح سود میں کمی کی ہے۔ اُس نے پالیسی ریپوریٹ میں اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کی ہے جس کے بعد ریپوریٹ، چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد ہوگئی ہے۔

2- لوک سبھا میں 2025-26 کے عام بجٹ پر بحث شروع ہوگئی ہے۔

3- دلی اسمبلی کیلئے کرائے گئے ووٹوں کی گنتی کی سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کل کی جائیگی۔

4- فریدآباد میں اٹتیسواں سورج کُنڈ بین الاقوامی دست کاری میلہ شروع ہوگیا ہے، جس میں 42 ملکوں کے 600 کاریگر اپنی دست کاری کے نمونے پیش کررہے ہیں۔

5- موسم سرمار کے نویں ایشیائی کھیل کود مقابلے چین کے شہر Harbin میں آج شام شروع ہوں گے، جن میں 88 رکنی بھارتی دستہ حصہ لے رہا ہے۔

6- اور ٹینس میں آج چنئی اوپن چیلنجر کے دونوں سیمی فائنلز میں، بھارتی مردوں کی ڈبلز کی جوڑیاں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گی۔

اب خبریں تفصیل سے..........

Rev RBI Monetary Policy

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے، معیشت کو فروغ دینے کی خاطر، پچھلے پانچ سال کے دوران آج پہلی بار سود کی شرح میں کمی کی ہے۔ RBI کی مالی پالیسی سے متعلق کمیٹی MPC نے متفقہ طور پر، پالیسی شرح میں اعشاریہ دو-پانچ پوائنٹس کی کمی کا فیصلہ کیاہے۔ RBI نے رِیپوریٹ میں اعشاریہ دو-پانچ پوائنٹس کم کرکے، اِسے ساڑھے چھ فیصد سے، چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد کیا ہے۔

MPC کی تین روزہ میٹنگ کے بعد کئے گئے اعلان میں، RBI کے حال ہی مقرر کئے گئے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا کہ معیشت کا مطالبہ یہ ہے کہ مالی طور پر استحکام لایا جائے اور ساتھ ہی صارفین کا تحفظ کیا جائے۔ نیز RBI کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اِن دونوں کو ہی یقینی بنائے۔

RBI Stance Repo rate

جناب سنجے ملہوترا پچھلے سال دسمبر میں RBI کے گورنر مقرر ہوئے تھے، اس کے بعد سے یہ اُن کا پہلا خطاب تھا۔

RBI کے گورنر نے مزید بتایا کہ ابتدائی تخمینوں کے مطابق رواں سال کی GDP کی اصل نشونما، چھ اعشاریہ چار فیصد ہے۔ اِس سے پہلے اِس کے چھ اعشاریہ چھ فیصد رہنے کی پیشگوئی کی گئی تھی۔

RBI نے اگلے مالی سال کیلئے GDP کے نظرثانی شدہ اصل تخمینوں میں، اِس کے چھ اعشاریہ سات فیصد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جبکہ پہلے یہ پیشگوئی، چھ اعشاریہ نو فیصد تھی۔

بینک گھوٹالوں سے بچنے کیلئے جناب ملہوترا نے یہ اعلان بھی کیا کہ ریزرو بینک "بینک ڈاٹ اِن" پر بھی عمل درآمد کرے گا، جو بھارتی بینکوں کا ایک خصوصی انٹرنیٹ Domain ہے۔

اِس Domain نام کیلئے رجسٹریشن کا عمل، اِس سال اپریل سے شروع ہوگا۔

بینکنگ اور رقم کی ادائیگیوں کے نظام میں، ڈیجیٹل حفاظت میں اضافے کے مقصد سے RBI نے، تصدیق کے اضافی نظام میں توسیع کرنے کی تجویز بھی رکھی ہے۔

RBI On Digital Fraud

LS Budget

لوک سبھا میں آج 2025-26 کے عام بجٹ پر بحث مباحثہ شروع ہوگیا ہے۔

بی جے پی کے راؤ راجیندر سنگھ نے مباحثے میں حصہ لیتے ہوئے مرکزی بجٹ کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ اِس بجٹ میں غریبوں، کسانوں اور خواتین کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے کسانوں کی خوشحالی پر توجہ دی ہے اور اِس سمت بہت سے اقدام کئے ہیں۔

اِس سے پہلے کانگریس کے دھرم بیر گاندھی نے بحث شروع کرتے ہوئے الزام لگایا کہ یونین بجٹ، ملک کی زرعی برادری کو درپیش چیلنجوں کو دور کرنے میں ناکام رہا ہے۔

Counting delhi Election

دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی کل ہونے والی گنتی کیلئے مکمل انتظامات کرلیے گئے ہیں۔ ووٹوں کی گنتی صبح 8 بجے شروع ہوگی۔ دوپہر کے قریب نتائج آنے کا امکان ہے۔ پہلے ڈاک کے ذریعہ ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔

دلّی کی چیف انتخابی افسر R Alice Waz نے بتایا ہے کہ ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی کے 11 ضلعوں میں 19 کاؤنٹنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ تقریباً پانچ ہزار عملے کے افراد اور دیگر معاون اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے اور انہیں اِس مقصد کے لیے تربیت دی گئی ہے۔

انتخابی کمیشن نے اپنی ویب سائٹ www.eci.gov.in کے ذریعہ رجحانات اور نتائج سے متعلق جانکاری فراہم کرنے کے لیے ایک مستحکم اور پوری طرح محفوظ بنیادی ڈھانچہ قائم کیا ہے۔ گنتی کے مراکز پر تین سطحی سیکورٹی بندوبست کیا گیا ہے۔

PM Kameshwar

وزیراعظم نریندر مودی نے آج، سینئر بی جے پی رہنما اور ”رام جنم بھومی تیرتھ شیتر ٹرسٹ کے ٹرسٹی“ کامیشور چوپال کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ جناب چوپال، خود کو وقف کردینے والے ایک ایسے رام بھکت تھے جنہوں نے ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر میں قابل قدر تعاون دیا۔ وزیراعظم نے خاص طور پر کہا کہ جناب چوپال کا تعلق ایک دلت سماج سے تھا اور اُنہیں سماج کے محروم طبقوں کی بھلائی کے تئیں اُن کے کام کی وجہ سے یاد رکھاجائے گا۔ جناب مودی نے اِس رنج وغم کی گھڑی میں اُن کے کنبے اور حامیوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

Mahakumb Culture Event

اب کچھ خبریں اترپردیش کے پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ سے..........

ثقافت کی مرکزی وزارت آج شام مہاکمبھ میلے میں ایک شاندار پروگرام کا انعقاد کرنے جارہی ہے، جس میں ملک بھر کے نامور فنکار موسیقی، رقص اور فن کا شاندار مظاہرہ کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

مہاکمبھ 2025 نہ صرف عقیدت اور آستھا کا شاندار تہوار ہے بلکہ اِس نے بھارت کی ثقافت، موسیقی، رقص اور ادب کیلئے ایک عالمی پلیٹ فارم کے طور بھی پر اپنی شناخت قائم کی ہے۔ گنگا پنڈال کا پروگرام بھارت کی مالا مال ثقافتی روایات کو اُجاگر کرے گا۔ یہ پروگرام عقیدتمندوں کو روحانی اور ثقافتی دونوں طرح کا احساس دلائے گا۔ پروگرام میں Odissi رقاصہ سونل مان سنگھ اور ڈونا گانگولی، گلوکارہ کویتا کرشنا مورتی، گلوکار ہری ہرن اور سریش واڈکر جیسے مشہور فنکاروں اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔

اس دوران ملک کے تین نئے فوجداری قوانین کے بارے میں لوگوں کو معلومات فراہم کرنے کے لیے مہاکمبھ میں ایک ڈیجیٹل نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ تین نئے فوجداری قوانین ہیں: بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم۔

مہاکمبھ کی روحانی کشش سے متاثر ہوکر پاکستان کے سندھ صوبے سے 68 عقیدتمندوں کا ایک گروپ بھی کَل پریاگ راج پہنچا اور سنگم میں پوتِر ڈُبکی لگائی۔

Haryana Surajkund Mela

38 واں سورج کنڈ عالمی کرافٹس میلہ آج فریدآباد میں شروع ہوگیا ہے۔ یہ میلہ رنگوں، آرٹ، دستکاری، موسیقی اور ثقافتی ورثے کا ایک منفرد امتزاج ہے۔

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر شیخاوت اور ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی نے آج صبح اس میلے کا افتتاح کیا۔ اِس سال کے میلے کی شراکت دار ریاستیں مدھیہ پردیش اور اوڈیشہ ہیں۔

ہرسال منعقد ہونے والے اِس میلے میں تقریباً 42 ملکوں کے لگ بھگ 600 شرکاء شرکت کررہے ہیں۔ اِن ملکوں میں مصر، ایتھوپیا، شام، افغانستان، بیلاروس اور دیگر شامل ہیں۔ اِس میلے کا مقصد دنیا بھر کے بین الاقوامی دستکاروں اور فنکاروں کو اپنے فن، دستکاری مصنوعات اور صلاحیت کو اُجاگر کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔

یہ میلہ عوام کے لیے اِس مہینے کی 23 تاریخ تک صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہے گا۔

RS Agriculture

زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ پچھلے سال کے آخر تک، کسانوں کی چار ہزار تین سو سے زیادہ پیداوار تنظیموں FPOs نے e-NAM پورٹل پر اندراج کرایا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ اِن FPOs چار کروڑ 80لاکھ سے زیادہ کسانوں کو دو سو اننچاس کروڑ تک کی ادائیگیاں کی گئی ہیں۔

راجیہ سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ابھی تک پورے ملک میں دس ہزار سے زیادہ FPOs تشکیل دی جاچکی ہیں۔

Russia New Roscosmos Chief

روس کے صدر ولادیمیرپُتن نے Dmitry Bakanov کو روس کے سرکاری خلائی کارپوریشن Roscosmos کا نیا ڈائریکٹر جنرل مقرر کیا ہے۔ جناب Bakanov، Yury Borisov کی جگہ لیں گے، جو 2022 سے Roscosmos کی قیادت کررہے تھے۔

اِس سے قبل Bakanov ٹرانسپورٹ کے نائب وزیر تھے۔ اِس کے علاوہ وہ 2011 سے 2019 تک Satellite Systemکی کمپنی Gonets کے سربراہ رہ چکے ہیں۔

Asian Winter Games

نوواں ایشیائی سرمائی کھیل کود مقابلہ 2025 آج شام چین کے شہر Harbin میں شروع ہورہا ہے۔ یہ سرمائی کھیل اِس مہینے کی 14 تاریخ تک جاری رہیں گے۔

کھیلوں کی انتظامیہ کمیٹی کے نائب سیکریٹری جنرل اور اعلیٰ ترجمان نے کل بتایا کہ اس سال کے کھیل کود مقابلوں میں ایشیائی ملکوں اور خطّوں کی تاریخی اعتبار سے سب سے زیادہ نمائندگی دیکھنے کو ملے گی اور افتتاحی تقریب کے دوران پورے ایشیاء کے 34 ملکوں اور خطّوں کے نمائندے اس میں شرکت کریں گے۔ انھوں نے بتایا کہ افتتاحی تقریب کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ انھوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ افتتاحی تقریب تقریباً 80 منٹ تک جاری رہے گی۔

بھارت میں موسم سرما کے کھیلوں کو فروغ دینے کے ایک اہم قدم کے طور پر حکومت نے موسمِ سرما کے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی دستے کی شرکت کی اجازت دی ہے۔ حکومت نے 88 رکنی بھارتی دستے کی شرکت کو منظوری دی ہے۔×

Tennis

چنئی اوپن چیلنجر کے مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں آج جن جوڑیوں کا مقابلہ ہوگا وہ دونوں بھارتی جوڑیاں ہیں، جس کی وجہ سے اِن میں سے ایک جوڑی سیمی فائنل میں پہنچے گی۔

پہلے سیمی فائنل میں ساکیت Myneni اور رام کمار راماناتھن کی جوڑی کا مقابلہ، اعلیٰ درجے کی، تائیوان کے Ray Ho اور آسٹریلیا کے میتھیو کرسٹوفر رومیوز کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

دوسرے سیمی فائنل میں جیون نیدن چیزیان اور وجے سُندر پرشناتھ کی بھارتی جوڑی، جاپان کی شِن تارو موچی زوکی اور کائیتو Uesugi کا مقابلہ کرے گی۔ یہ میچ سہ پہر چار بج کر چالیس منٹ پر شروع ہوگا۔

★★★★★